غیر مسلم کے لیے کونسی دعا نہیں کرسکتے

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ غیر مسلم کے لیے کونسی دعا نہیں کرسکتے اور کونسی کرسکتے ہیں ؟

سائل:شاہد فرام لوٹن -انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھابِ اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

غیر مسلم کے لیے مغفرت و بخشش کی دعا ہرگز ہرگز نہیں کرسکتے اور ہدایت کی دعا کرنے میں حرج نہیں -جیسا کہ فتاوی ہندیہ میں ہے کہ " **وَلَا يَدْعُو لِلذِّمِّيِّ بِالْمَغْفِرَةِ وَلَوْ دَعَا لَهُ بِالْهُدَى جَازَ لِأَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ اللَّهُمَّ اهْدِ قَوْمِي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ كَذَا فِي التَّبْيِينِ"** کافر کے لیے مغفرت کی دعا ہرگز ہرگز نہ کرے، ہدایت کی دعا کرنا جائز ہے کیو نکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود کافروں کے لیے دعا ہدایت فرمائی کہ اے اللہ! ان کو ہدایت دے جو نہیں جانتے -

["الفتاوى الهندية"،كتاب الكراهية،الباب الرابع عشر في أهل الذمة،ج۵،ص۳۴۸]

حضرت طفیل بن عمرو دَوسی نے اپنی قوم کی شکایت کی اور عرض کی: یا رسول اللہ !دَوس کے خلاف دعا کیجئےتو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہدایت کی دعا فرمائی:"اَللّٰھم اھد دَوساً وآت بھم "خدایا! دَوس کو ہدایت فرماا ور ان کو یہاں لے آ۔

[صحيح البخاري"، كتاب الجهاد، باب الدعاء للمشركين بالهدى ليتألفهم، الحديث: ۲۹۳۷،ج۲، ص۲۹۱]

اسی طرح جب قبیلہ ثقیف کے پتھروں سے بہت مسلمان شہید ہوئے صحابہ نےگزارش کی ان کے خلاف دعا کیجئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:"اَللّٰھُمَّ اھْدِ ثَقِیْفاً "خدایا! ثقیف کو ہدایت فرما۔

["سنن الترمذي"، كتاب المناقب، باب في ثقيف وبني حنفية، الحديث: ۳۹۴۸، ج۵، ص۴۹۲]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھابِ اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

QUESTION:

What do the scholars and muftis of the mighty Shari'ah say regarding this matter, which type of supplication can we not make for a disbeliever and which type of supplication can we make for a disbeliver?

ANSWER:

We absolutely cannot supplicate for the forgiveness and salvation of a disbeliever and there is no problem in supplicating for the guidance of a disbeliever [to Islām]. Just as it is recorded in al-Fatāwā al-Hindiyyah:

"One should not supplicate for the forgiveness of a non-Muslim citizen (dhimmī) and if one supplicated for his guidance then that is permissible because the Prophet ﷺ supplicated: 'O Allāh guide my people because they do not know', it is mentioned as such in al-Tabyīn."

["الفتاوى الهندية"،كتاب الكراهية،الباب الرابع عشر في أهل الذمة،ج٥،ص٣٤٨]

Sayyidunā Tufayl ibn 'Amr al-Dawsī (may Allāh be pleased with him) complained about his people and said: "O Messenger of Allāh ﷺ supplicate against Daws so the Noble Prophet ﷺ supplicated: "O Allāh guide Daws and bring them to me."

[صحيح البخاري"، كتاب الجهاد، باب الدعاء للمشركين بالهدى ليتألفهم، الحديث: ٢٩٣٧،ج٢، ص٢٩١]

Similarly, many Muslims were martyred by the rocks hurled at them by Thaqīf. The Sahābah (may Allāh be pleased with them all) asked that the Prophet ﷺ supplicate against them but the Noble Prophet ﷺ supplicated: "O Allāh guide Thaqīf"

["سنن الترمذي"، كتاب المناقب، باب في ثقيف وبني حنفية، الحديث: ٣٩٦٨، ج٥، ص٤٩٢]

والله تعالى اعلم ورسوله اعلم صلى الله عليه وآله وسلم

Answered by Qasim Ziā al-Qādirī